© rasailojaraid.com

امسال ۲۵ رجنوری کو یوم جمہوریت کے موقع پر دہلی کے لال قلعہ میں جو عظیم الشان مشاعرہ ہوا تھا اور اس میں جگن ناتھ آزاد - جوش ملیح آبادی - روش صدیقی - ساغر نظامی - عرش ملسیانی اور سکندر علی وجد نے جو کلام پڑھا تھا یہ اسی کا مجموعہ ہے - یہ سب حضرات اردو شعرو شاعری کے آسمان کے چاند تارے ہیں اس بنا پر پورا کلام ہی نہایت مرصع اور بلند ہے جو ہندا ایسے عظیم الشان ملک کے جشنِ جمہوریت کے بالکل شایان شان ہے - البتہ مقصدی لحاظ سے جناب روش کی غزل میں ایک خاص جاذبیت ہے جو دوسروں میں نہیں ہے شروع میں محترم صدر جمہوریہ کے خود ان کے دستِ خاص سے اُردو میں لکھے ہوئے خط کا ایک عکس ہے جس میں اس مشاعرہ پر مسرت کا اظہار کیا گیا اور کارکنوں کو مبارکباد دی گئی ہے -

انتخاب کلام امیر مینائی نعتیہ و عاشقانہ مرتبہ جناب خالد مینائی ایم - اے تقطیع جیبی ضخامت ہر حصہ کی ۴۶ صفحات کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت ہر حصہ کی ۸ رپتہ :- مکتبۃ الحبیب ۴۹ مین بازار - اچھرہ لاہور -

حضرت امیر مینائی اردو کے قدیم ناخدائے سخن ہیں وہ صرف شاعر نہیں تھے بلکہ زبان، محاورات اور لغت کے بلند پایہ محقق اور نقاد بھی تھے چنانچہ امیر اللغات کے نام سے ان کی ایک کتاب یادگار بھی ہے - جناب خالد مینائی کے یہ دونوں حصے موصوف کے ہی کلام کا انتخاب ہیں جن میں سے ایک عاشقانہ اور دوسرا نعتیہ ہے یہ ظاہر ہے کہ ہر انتخاب کرنے والا اپنے ہی ذوق کے مطابق انتخاب کرتا ہے اور ضروری نہیں کہ اس کا انتخاب دوسرے کو بھی پسند آئے لیکن جناب خالد کا انتخاب چونکہ شعر و زبان کے ذوقِ سلیم پر مبنی ہے اس لئے امید ہے کہ اس کو عام طور پر پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا جائے گا -

---

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

البعث الاسلامی

ہندستان کا واحد عربی ماہ نامہ

(زیر سرپرستی)

مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

ہندستان کے عربی مدارس کے طلبار اور عربی ادب سے ذوق رکھنے والے حضرات کے لئے ایک گراں قدر تحفہ، دلچسپ اور پُر مغز مضامین، طلبار کی تعلیمی زندگی کے متعلق مفید مشورے، صحیح اسلامی فکر اور دینی دعوت کی عربی زبان میں ترجمانی، عالم عربی کی اسلامی تحریکات و شخصیات اور افکار و خیالات کا تعارف، جدید اور مستند عربی زبان و ادب حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ، عربی مدارس کے ثقافتی و ادبی اتحاد کا پیغام بر، عربی کے ممتاز اہلِ قلم کا تعاون حاصل ہے۔ آسان زبان، دل کش اسلوب، خوبصورت کتابت و طباعت۔

چندہ سالانہ ۵ ـــــــ ۸ فی کاپی

پاکستانی خریدار اپنا چندہ دفتر فاران کیمبل سٹریٹ کراچی ۱ کو بھیج کر ہم کو مطلع کریں۔

(زیر ادارت)

ارکین "المنتدی الادبی"

۳۷۔ گوئن روڈ۔ لکھنؤ

© rasailojaraid.com